ایم کیو ایم پائیدار جمہوریت کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کررہی ہے، انور عالم

لال قلعہ گراؤنڈ میں ذمہ داران وکارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔6/نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا کہ پاکستان کی موجودہ صورتحال فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا شاخسانہ ہے اور جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوجاتا پاکستان میں جمہوریت کو پروان چڑھانا بہت مشکل ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں کراچی کے مختلف سیکٹروں اور یونٹوں سے تعلق رکھنے والے ذمہ داران اور کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج ارشد حسن بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انور عالم نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان میں تمام خرابیوں کی جڑ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو سمجھتی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرکے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف پرامن جمہوری جدوجہد کی جائے۔ انہوں نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان پر زور دیا کہ وہ موجودہ حالات پر کڑی نظر رکھیں اور عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں۔

لانڈھی ٹاؤن اور بن قاسم ٹاؤن میں 56 کروڑ کے روپے کی لاگت سے 13 ترقیاتی

منصوبوں کا سنگِ بنیاد شہر کی ترقی وخوشحالی کیلئے ایک اور اہم قدم ہے، حق ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔6/نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی جانب سے لانڈھی ٹاؤن اور بن قاسم ٹاؤن میں 56، کروڑ روپے کی لاگت سے 13 ترقیاتی منصوبوں کا سنگِ بنیاد رکھنے کا زبردست خیر مقدم کیا اور اسے شہر کی ترقی وخوشحالی کیلئے ایک اور اہم قدم قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت جس طرح دن رات شہر کی تعمیر وترقی کیلئے انڈر بائی پاس، فلائی اوورز، سڑکوں وپارکوں کی تعمیر، علاقوں میں صفائی وستھرائی، اسپتالوں کی تعمیر وآرائش اور فراہمی ونکاسی آب کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کی شہری حکومت کی جانب سے شہر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے ترقیاتی منصوبوں کے انعقاد کو کراچی کے عوام کی جانب سے سراہا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بنیادی درس پر عمل کرتے ہوئے کراچی کے دیگر علاقوں کی طرح لانڈھی ٹاؤن اور بن قاسم ٹاؤن میں بھی ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھ کر ثابت کردیا ہے کہ وہ بلا امتیاز وتفریق عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے لانڈھی ٹاؤن اور بن قاسم ٹاؤن میں ترقیاتی منصوبوں پر سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال اور نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل سمیت تمام حق پرست عوامی نمائندوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر اور شکار پور زون کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6/نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن شیر علی کے والد حاجی بابو خان اور ایم کیو ایم شکار پور زون کے کارکن رحیم رندکی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆